# Directorate of Education Gnct Delhi 54

## Practice Question Paper for Mid Term (2022-23)

**Paper: Sub – Urdu I**

**Class: VI**

**Time: 2 ½ Hours** **Total Marks: 60**

سوال 1۔ درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجئے۔ 6

گرونانک کی پیدائش 1469 میں دریائے اوی کے کنارے آباد ایک گاؤں تل ونڈی میں ہوئی۔ یہ گاؤں اب پاکستان میں ہے اور لاہور کے جنوب میں واقع ہے۔ اِس گاؤں کو اب ننکانہ صاحب کہتے ہیں۔ گرونانک اس گاؤں کے ایک منیم کالوچند کے بیٹے تھے۔ اِن کے نام کے بارے میں یہ بات مشہور ہے کہ اِن کی بڑی بہن کی پیدائش اپنے نانا کے گھر میں ہوئی اِس لئے انہیں نانکی یعنی 'نانا کی' کہتے تھے۔ اپنی بڑی بہن کے نام پر اِن کو نانک یعنی نانا کا کہنے لگے اور یہی اِن کا نام پڑ گیا۔

i۔ گرونانک کی پیدائش کب ہوئی؟

(A) 1575 (B) 1689

(C) 1469 (D) 1459

ii۔ گرونانک کس کے بیٹے تھے؟

(A) ڈاکٹر (B) اُستاد

(C) دکاندار (D) منیم

iii۔ گرونانک کی بڑی بہن کی پیدائش کہاں ہوئی۔

(A) چاچا (B) نانا

(C) ماموں (D) اِن میں سے کوئی نہیں۔

سوال 2۔ درج بالا شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجئے۔ 6

ضعیفوں کو سہارا دو، سنبھالو
غریبوں کی مدد کرکے دعا لو
کوئی فرقہ ہو، سینے سے لگا لو
چمن میں ایک جا سرو و سمن ہے
کرو گے اس نصیحت پر عمل تم
مرا ذمہ کہ جاؤ گے سنبھل تم

i۔ شاعر نے کن کو سہارا دینے کی بات کہی ہے؟

(A) جوانوں کو (B) ضعیفوں کو

(C) امیروں کو (D) بچوں کو

ii۔ کن کی مدد کرکے دعا ملتی ہے۔

(A) غریبوں کی (B) پیسے والوں کی

(C) عورتوں کی (D) اِن میں سے کوئی بھی نہیں

iii۔ لفظ 'چمن' کے کیا معنی ہیں؟

(A) اندھیرا　　(B) باغ

(C) رات　　(D) جنگل

سوال3۔ درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ 6

پرانے زمانے میں بھارت میں ایک راجا راج کرتا تھا۔ یہ راجا بہت رحم دِل تھا۔ اس کے راج میں سب خوش تھے۔ راجا اپنی پرجا کی حالت دیکھنے کے لئے کبھی کبھی محل سے باہر نکلا کرتا۔ سب لوگ راجا کی عزت کرتے تھے۔ ایک دن راجا گھومنے گیا۔ راستے میں اسے ایک کسان دکھائی دیا۔ کسان اپنے کھیت پر کام کر رہا تھا۔ راجا اس کے کھیت پر گیا۔ اُس کھیت میں کسان نے گیہوں بو رکھے تھے۔

i۔ راجا کس کی حالت دیکھنے کے لئے اپنے محل سے باہر جاتا تھا؟

(A) پرجا کی　　(B) دوستوں کی

(C) دشمنوں کی　　(D) اِن میں سے کوئی نہیں

ii۔ راجا کو راستے میں کون دکھائی دیا؟

(A) ڈاکٹر　　(B) کسان

(C) رشتے دار　　(D) دھوبی

iii۔ کسان نے اپنے کھیت میں کیا بو رکھے تھے؟

(A) چاول　　(B) جوار

(C) باجرا　　(D) گیہوں

سوال4۔ درج ذیل درسی شعری اِقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 6

جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
ایک بُڑھیا نے سرِرہ لا کے روشن کر دیا
تاکہ رہ گیر اور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں
راہ سے آساں گزر جائے ہر اک چھوٹا بڑا
یہ دِیا بہتر ہے اُن جھاڑوں سے اور فانوس سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

i۔ مٹی کا دیا کس نے روشن کیا۔

(A) بڑھیا نے　　(B) راجا نے

(C) نوکر نے　　(D) امّی نے

ii۔ لفظ ’ رہ گیر ‘ کے کیا معنی ہیں؟

(A) آرام کرنے والا　　(B) سونے والا

(C) راستہ چلنے والا　　(D) کام چوری کرنے والا

iii۔ دیا کس چیز سے بہتر ہے؟

(A) چمکدار چیزوں سے　　(B) جھاڑوں اور فانوس سے

(C) سجاوٹ کی چیزوں سے　　(D) سونے کی چیزوں سے

سوال5۔ نیچے دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

i۔ رکشابندھن۔

ii۔ موسم برسات

iii۔ یوم آزادی

سوال6۔ اپنے پرنسپل کے نام دو دن چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 4

یا

اپنے والد صاحب کو اپنا حال بتانے کے لئے خط لکھیے۔

سوال7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجئے۔ 8

i۔ نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف چار کی اِملا درست کیجئے۔

آصان، فانوص، پردیصی، مہلوں، بہطر، صُرخ

ii۔ نیچے دیے گئے الفاظ میں سے صرف چار کے واحد کے جمع بنایئے۔

نصیب، غریب، چیز، خوبی، درخت، جانور

iii۔ وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو اُسے ________ کہتے ہیں۔

اسم، صفت، فعل

iv۔ نیچے دیے گئے الفاظ میں سے صرف چار کے متضاد لکھیے۔

آسان، بہتر، روشنی، محل، اندھیرا، دِن

سوال8۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ 9

i۔ منی اپنا کون کون سا کام خود کر لیتی تھی؟

ii۔ گاندھی جی سوری میں کس جگہ کھڑے ہوئے تھے؟

iii۔ حضرت محمد ﷺ نے مل جل کر کام کرنے کا طریقہ کس طرح سمجھایا؟

iv۔ منی گھسٹ گھسٹ کر کیوں چلتی تھی؟

v۔ گاندھی جی کہاں تشریف لے گئے تھے؟

سوال9۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ 6

i۔ پہاڑ نے گلہری سے کیا کہا؟

ii۔ بڑھیا نے مٹی کا دیا کس وقت روشن کیا؟

iii۔ نظم پہاڑ اور گلہری کے شاعر کا نام لکھیے۔

iv۔ رات میں ملاحوں کو راستہ دکھانے میں کون سے چیز مدد کرتی ہے؟

سوال10۔ خالی جگہ کو بریکٹ میں دیئے گئے صحیح الفاظ سے پُر کریں۔ 4

i۔ تجھے ہو شرم تو ______ میں جا کے ڈوب مرے۔ (دریا، پانی)

ii۔ خدا سی شان سے ناچیز چیز ______ بیٹھیں۔ (بن، کر)

iii۔ تری بساط ہے کیا مری ______ کے آگے؟ (آن، شان)

iv۔ نہیں ہے تو بھی تو آخر مری طرح ______۔ (موٹا، چھوٹا)

**Marking Scheme**
**Paper: Sub – Urdu I**
**Class: 6th**

| سوال | جزو | | جواب | | نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | i۔ | (C) | 1469 | | 3x2 = 6 |
| | ii۔ | (D) | منیم | | |
| | iii۔ | (B) | نانا | | |
| 2۔ | i۔ | (B) | ضعیفوں کو | | 3x2 = 6 |
| | ii۔ | (A) | غریبوں کی | | |
| | iii۔ | (B) | باغ | | |
| 3۔ | i۔ | (A) | پیر جاکی | | 3x2 = 6 |
| | ii۔ | (B) | کسان | | |
| | iii۔ | (D) | گیہوں | | |
| 4۔ | i۔ | (A) | بڑھیانے | | 3x2 = 6 |
| | ii۔ | (C) | راستے چلنے والا | | |
| | iii۔ | (B) | جھاڑوں اور فانوس سے | | |
| 5۔ | مضمون | | تمہید۔ | 1 | 5x1 = 5 |
| | | | نفیس مضمون۔ | 3 | |
| | | | اختتام۔ | 1 | |
| | | | کل نمبر۔ | 5 | |
| 6۔ | درخواست / خط | | ساخت۔ | 2 | 4x1 = 4 |
| | | | نفیس مضمون۔ | 2 | |
| | | | کل نمبر۔ | 4 | |
| 7۔ | i۔ | | آصان۔ آسان، فانوص۔ فانوس، پردیسی۔ پردیصی، مہلوں۔ محلوں، بہطر۔ بہتر، صُرخ۔ سُرخ | | ½ x 4 = 2 |
| | ii۔ | | نصیب۔ نصیبوں، غریب۔ غرباء، چیز۔ چیزیں، خوبی۔ خوبیاں، درخت، درختوں، جانور۔ جانوروں | | ½ x 4 = 2 |
| | iii۔ | | فعل | | 2x1 = 2 |
| | iv۔ | | آسان۔ مشکل، بہتر۔ بدتر، روشنی۔ اندھیرا، محل۔ جھونپڑی، اندھیرا۔ روشنی، دن۔ رات | | ½ x 4 = 2 |
| 8۔ | i۔ | | منی خود دانت صاف کرتی، چمچے کی مدد سے کھاتی اور اپنی وہیل چیئر بھی خود چلاتی تھی۔ | | 3x3=9 |
| | ii۔ | | گاندھی جی سوری کے پہاڑ پر مبرلاہاؤس میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ | | |
| | iii۔ | | آپ نے حجر اسود کو تمام قبیلوں کے سرداروں کے ہاتھوں سے رکھوایا اور اس طرح آپ نے مل جل کام کرنے کے طریقے کو سمجھایا۔ | | |
| | iv۔ | | منی معذور تھی اِس لئے وہ گھسٹ گھسٹ کر چلتی تھی۔ | | |
| | v۔ | | گاندھی جی میرٹھ تشریف لے گئے تھے۔ | | |
| 9۔ | i۔ | | میرے آگے تو بے حیثیت ہے اِس پر اِتراتی پھرتی ہے۔ اگر ذرا سی تجھے شرم ہو تو پانی میں جا کے ڈوب مرو۔ | | 3x2 = 6 |

ii- بڑھیا نے مٹی کا دِیا سورج ڈوبنے کے وقت روشن کیا۔

iii- اِقبالؔ

iv- رات میں ملاحوں کو راستہ دکھانے میں وہ تمامینار (لائیٹ ہاؤس) مدد کرتی ہے۔

10- i- پانی 1x4 = 4

ii- بَن

iii- شان

iv- چھوٹا